سوال

(165) غسل خانہ میں ننگے نہانا درست ہے یا زیرِناف کپڑا ہونا ضروری ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا بندہ کا غسل خانہ میں ننگے نہانا درست ہے یا زیرِناف کپڑا ہونا ضروری ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسی حالت میں ننگا نہانے کا جواز ہے۔ زیرِناف کپڑے کی ضرورت نہیں، بلکہ کھلی جگہ میں بھی تنہا ننگا نہایا جا سکتا ہے، اگرچہ پردہ افضل ہے۔ ملاحظہ ہو! ''صحیح بخاری'' کا باب 'مَنِ اغتَسَلَ عُریَانًا وَحدَهٗ فِی الخَلوَةِ'

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ: صفحہ: 173

محدث فتویٰ